# SCHOOL BASED ASSESSMENT 2024-25

**First Term**

## Islamiat Grade 8

**School Name:** ____________________

WWW.schoolbasedassessment.pk
WWW.schoolbasedassessment.pk

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : a | Q. No.2 : c | Q. No.3 : c |
| Q. No.4 : a | Q. No.5 : d | Q. No.6 : d |
| Q. No.7 : d | Q. No.8 : d | Q. No.9 : d |
| Q. No.10 : a | WWW.schoolbasedassessment.pk | |

## ANSWERS / RUBRICS

**Question No: 11**

سوال نمبر11 Official Website WWW.schoolbasedassessment.pk

**a ) What is meant by fear of Allah Almighty? (2)**

خشیت الٰہی سے کیا مراد ہے؟(2)

آیٹم روبرک(اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 نمبر دیا جائے بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے
:نمونے کے جواب کی مثال

WWW.schoolbasedassessment.pk

خشیت الٰہی سے مراد اللہ کا خوف ہے۔

**Describe the state of Allah Almighty-fearing by Rasoolullah خاتم النبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم.(04)**

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم کی خشیت الٰہی کی کیفیت بیان کریں۔(4)

آیٹم روبرک(اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیے جائیں بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی مثال
سیدۃ عائشہ رضی اللہ تعالی عنھا بیان فرماتی ہیں کہ نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم جب بادل یا آندھی کے آثار دیکھتے تو آپ کا چہرہ متغیر ہو جاتا، آپ بادل دیکھ کر پریشان ہو جاتے اور فرماتے کہ اے عائشہ کیا پتہ اس میں کوئی ایسا عذاب پوشیدہ ہو جس سے ایک قوم ہلاک ہو گئی تھی۔(4)

**How can life be made successful in the context of Allah Almighty-fearing? (4)** WWW.schoolbasedassessment.pk

خشیت الٰہی کے تناظر میں زندگی کیسے کامیاب بنائی جا سکتی ہے؟(4)

WWW.schoolbasedassessment.pk

آیٹم روبرک(اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیے جائیں بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی مثال
جو انسان اپنے اندر خشیت الہی اور فکر آخرت پیدا کر لیتا ہے، اس کے اعمال میں اخلاص اور تقوی پیدا ہو جاتا ہے۔ وہ انسان کسی گناہ کا مرتکب نہیں ہوتا اور اپنی زندگی کو اللہ تعالی کی عبادت کے لیے وقف کر دیتا ہے۔

**Question No: 12**

سوال نمبر12 Official Website WWW.schoolbasedassessment.pk

**a ) Explain the definition of Zakat, an important element of Islam. (2)**

اسلام کے اہم رکن زکوٰۃ کی تعریف بیان کریں۔(2)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم اسلام کے اہم رکن زکٰوۃ کی تعریف مکمل درست لکھتاہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
زکٰوۃ اسلام کا ایک اہم رکن ہے۔ اس کے لغوی معنی پاک ہونا ہے اور اصطلاح میں مال کی مقررہ شرح کے مطابق معین مصارف پر خرچ کرنا زکٰوۃ کہلاتا ہے۔

**How does paying Zakat purify the soul and heart? (4)**

WWW.schoolbasedassessment.pk

زکٰوۃ کی ادائیگی کس طرح روح اور دل کو پاکیزہ بناتی ہے ؟(4)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم مطلوبہ جواب مکمل درست لکھتاہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
زکٰوۃ ناداروں کی کفالت اور دولت کی تقسیم کا عمل ہے۔ یہ ایسی عبادت ہے جو دل کا میل کچیل صاف کرتی ہے۔ انسان کو اللہ تعالیٰ کا مخلص بندہ بناتی ہے۔ زکٰوۃ اللہ تعالیٰ کی عطا کی ہوئی بے حساب نعمتوں کے اعتراف اور اس کا شکر بجالانے کا بہترین ذریعہ ہے۔ جس مال کی زکوۃ ادا کی جائے اللہ تعالیٰ نے اسے کئی گنا بڑھانے کا وعدہ فرمایا ہے۔ زکوٰۃ کی ادائیگی ایک مسلمان کے لیے آخرت کی نعمتوں کے حصول اور عذاب جہنم سے نجات کا ذریعہ ہے۔

**How can the payment of Zakat be economically and socially beneficial? (4)**

زکوٰۃ کی ادائیگی کس طرح معاشی و معاشرتی لحاظ سے فائدہ مند ہو سکتی ہے ؟(4)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم زکوٰۃ کے معاشی و معاشرتی فوائد مکمل درست لکھتاہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
زکوٰۃ سے بہت سے معاشی اور معاشرتی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ یہ فوائد انفرادی اور اجتماعی سطح پر حاصل ہوتے ہیں۔ زکوٰۃ دینے والے شخص کے اندر سے بخل ختم ہوتا ہے اور سخاوت کے جذبات پیدا ہوتے ہیں۔ زکوٰۃ کا مقصد مال دار لوگوں کے نفوس کو حرص و طمع کی گندگی سے پاک کرنا ہے۔ زکوٰۃ ادا کرنے سے معاشرے میں غربت کم ہوتی ہے۔ غریب لوگوں کے دلوں میں مال داروں کے بارے میں پایا جانے والا غصہ، حسد اور کینہ دور ہو جاتا ہے۔ جس مال کی زکوٰۃ ادا کی جاتی ہے وہ مال پاک ہو جاتا ہے۔ زکوٰۃ ادا کرنے والے کا مقام و مرتبہ اللہ تعالیٰ کے ہاں بلند ہو جاتا ہے اور سماج میں بھی وہ ہر دل عزیز ہو جاتا ہے۔ اس کے مال میں برکت اور اضافہ ہوتا ہے، جب کہ وہ مال جو اس نے غربا و مستحقین کو دیا ہے اللہ تعالیٰ اسے بڑھاتا ہے اور ذخیرہ آخرت بنا دیتا ہے۔

**Question No: 13**

سوال نمبر 13

Official Website WWW.schoolbasedassessment.pk

**a ) Which four people accepted Islam in the early days of Dawat-e-Islam?(6)**

دعوت اسلام کے ابتدائی دور میں کن لوگوں نے اسلام قبول کیا؟(6)

آئیٹم روبرک (اردو):
:اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتاہے تو اسے پورے (6) نمبر دیے جائیں جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 5 نمبر دیے جائیں بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
نمونے کے جواب کی ایک مثال:
دعوت اسلام کے اس ابتدائی دور میں حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلام لائے۔

**What was the writing style of the invitation letters of Hazrat Muhammad Rasulullah خاتم النبیّن صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ و اصحابہ وسلم ? (O6)**

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیّٖن صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے دعوتی خطوط کا طرز تحریر کیا تھا؟(6)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتاہے تو اسے پورے (6) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 5 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
رسول اللہ خاتم النبیّٖن صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے دعوتی خطوط کا طرز تحریر
ان خطوط کا طرز تحریر یہ تھا کہ ہر خط اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام سے شروع ہوتا یعنی بسم اللہ لکھی جاتی، پھر رسول اللہ خاتم النبیّٖن صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا نام مبارک اور اس کے بعد اس شخص کا نام لکھا جاتا جس کی طرف خط روانہ کیا جارہا تھا۔ حضور اکرم رسول اللہ خاتم النبیّٖن صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی طرف سے بھیجے گئے تمام خطوط میں نہایت آسان، سادہ اور مختصر الفاظ کا استعمال کیا گیا۔

**Write the names of two agreements of Hazrat Muhammad Rasulullah خاتم النبیّن صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ و اصحابہ وسلم made for the security of Madinah.(3)**

ہجرت مدینہ کے بعد حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیّٖن صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی جانب سے مدینہ کی مضبوطی کے لئے کیے گئے دو معاہدات کے نام لکھیں۔(3)

آئیٹم روبرک (اردو):

طالب علم یہود سے کیے گئے دو معاہدات کا نام درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر (1 تا 2) نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کے جواب کی مثال:

مواخات مدینہ

میثاق مدینہ

**Visite Official Website WWW.schoolbasedassessment.pk**